گورنر KATHY HOCHUL | **فوری ریلیز کے لیے: 19/9/2025**

گورنر HOCHUL نے ایمپائر ٹیکنالوجی پرائز کے فاتح کا اعلان کیا جن کو کم کاربن والے ہیٹنگ سسٹمز کو فروغ دینے کے لیے منتخب کیا گیا ہے

Miller Proctor Nickolas, Inc. کو $1 ملین کا ایوارڈ وصول ہو گا جس سے صارفین کے لیے توانائی اور اخراجات کی بچت کے لیے ہیٹ پمپ سلوشنز کو جدید بنایا جائے گا

آج گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے ایمپائر ٹیکنالوجی پرائز مقابلے کے فاتح کے انتخاب کا اعلان کیا ہے تاکہ کم کاربن ہیٹنگ سسٹم ریٹروفٹس کے لیے تعمیراتی ٹیکنالوجیز کو فروغ دیا جا سکے اور ریاست نیو یارک میں بلند و بالا تجارتی اور کثیر خاندانی عمارتوں میں توانائی اور اخراجات کی بچت کی جا سکے۔ Miller Proctor Nickolas, Inc. کو $1 ملین کا بڑا انعام حاصل کرنے کے لیے بھاپ اور بلند درجہ حرارت والے گرم پانی کے حرارتی پمپس کی ترویج اور استعمال میں اہم پیش رفت کا مظاہرہ کرنے پر منتخب کیا گیا جو ایک ایسا حل ہے جو توانائی کا مؤثر استعمال کرتا ہے اور ریاست نیو یارک کی توانائی کی منتقلی کے حصے کے طور پر صارفین کی توانائی کی بچت کے لیے لاگو کیا جا سکتا ہے۔

"ریاست نیو یارک، نیو یارک کے باشندوں کی صحت کو اولین اور مرکزی حیثیت دیتے ہوئے توانائی کے اخراجات کا نظم و نسق کرنے اور برقی گرڈ پر مانگ کے بوجھ کو کم کرنے میں مدد کے لیے جدید، توانائی کا مؤثر استعمال کرنے والے حلوں میں سرمایہ کاری کر رہی ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "اس مقابلے کے شرکاء کے پاس نئی اور جدید ٹیکنالوجیز کو فروغ دینے کی بصیرت اور لگن ہے جو ہمارے عمر رسیدہ ہوتے عمارتوں کے ذخیرے میں جدید سہولیات فراہم کرنے اور ریاست بھر کے رہائشیوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مدد دے گی۔"

[ایمپائر ٹیکنالوجی پرائز مقابلہ](#) کو ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیق و ترقی کی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) کےانوویشن اینڈ ریسرچ پروگرام کا تعاون حاصل ہے اور اس کا انتظام The Clean Fight (دی کلین فائٹ) چلا رہے ہیں۔ بڑے انعام کے فاتح کا اعلان نیویارک سٹی میں ایک تقریب میں کیا گیا جہاں [Ambient Enterprises، Flow Environmental Systems](#) اور [Gil-Bar Industries](#) کی ٹیم کو $100,000 کے دوسرے انعام کا فاتح قرار دیا گیا۔ مزید برآں، [Johnson Controls](#) کو اعزازی تذکرہ ملا اور [تمام فائنلسٹس](#) نے ان عمارتوں میں ٹیکنالوجیز کے فروغ کے حل پیش کیے جو تمام ریاست نیو یارک میں اربوں مربع فٹ پر محیط موجودہ تجارتی اور کثیر خاندانی عمارتوں کی نمائندہ ہیں۔

ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیق و ترقی کی اتھارٹی کی صدر اور CEO Doreen M. Harris (ڈورین ایم ہیرس) نے کہا، "Miller Proctor Nickolas اور Ambient، Flow Environmental Systems اور Gil-Bar Industries کی ٹیم کو ریاست نیو یارک میں اونچی عمارتوں کی ایک وسیع رینج کو دوبارہ تیار کرنا آسان اور زیادہ مؤثر بنانے پر کیے گیے ان کے کام پر مبارک باد۔ مارکیٹ میں بڑے پیمانے پر لائی جانے پر، یہ ٹیکنالوجیز نیو یارک کے باشندوں کو زیادہ قابل استطاعت ہٹینگ اور کولنگ سلوشنز کے ذریعے توانائی کی بچت فراہم کریں گی۔"

Miller Proctor Nickolas, Inc. (MPN) کو Oilon کی ChillHeat ٹیکنالوجی لاگو کرنے پر بڑے انعام کا فاتح منتخب کیا گیا، یہ ایک ایسا حل ہے جو اونچی عمارتوں میں استعمال کے لیے بلند درجہ حرارت والا گرم پانی اور بھاپ، دونوں پیدا کرتا ہے۔ ان کا حل مینہیٹن (Manhattan) میں تین مقامات پر نصب کیا جائے گا جن میں ففتھ ایونیو پر اپر ایسٹ سائڈ کی ایک رہائشی عمارت، اپر ویسٹ سائڈ کی کنڈومینیمز والی مخلوط استعمال کی ایک عمارت اور پارک ایونیو (Park Avenue) پر ایک مڈ ٹاؤن ہیلتھ اینڈ فٹنس کلب شامل ہیں۔

Ambient Enterprises، Flow Environmental Systems اور Gil-Bar Industries کی ٹیم کو ہوا یا پانی کے منبع حرارت اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کے قدرتی ریفریجرینٹ کا استعمال کرتے ہوئے بلند درجہ حرارت والے گرم پانی کے ہیٹ پمپ کو تجارتی سطح پر لانے کے لیے دوسرے نمبر کے انعام کے لیے منتخب کیا گیا۔ یہ ٹیکنالوجی مینہیٹن میں اپر ویسٹ سائڈ پر، یونین تھیولوجیکل سیمینری میں نصب کی جائے گی، جو ایک اہم تاریخی عمارت ہے، جو نیو یارک میں پہلی مرتبہ کاربن ڈائی آکسائیڈ والے بلند درجہ حرارت کے ہاٹ واٹر ہیٹ پمپ کی تعیناتی کو عمل میں لائے گی۔

پورے مقابلے کے دوران، $8 ملین سے زیادہ ریاست نیو یارک میں مختلف اقسام کی عمارتوں میں مصنوعات کے فروغ اور عملی مظاہرے کے منصوبوں میں معاونت کے لیے ایوارڈ کیے گئے۔ $4.1 ملین سے زیادہ عملی مظاہرے کے سات منصوبوں کو دیے گئے، جن میں سے 35 فیصد کلائمیٹ جسٹس ورکنگ گروپ کی تعریف کے مطابق پسماندہ کمیونٹیز میں واقع دو منصوبوں کو جا رہے ہیں۔

عملی مظاہرے کے منصوبوں میں شامل ہیں:

- AtmosZero – مبلغ $500,000 مڈ ٹاؤن مینہیٹن میں ایک بڑے ہوٹل میں بھاپ والے ہیٹ پمپ کے لیے جو حرارت کے لیے پانی یا ہوا کو گرمی کے منبع کے طور پر استعمال کرتا ہے۔
- Clean Heat Technologies –ان کے لیے $400,000 سے زیادہ ہارلم (Harlem) میں قابل استطاعت رہائش گاہوں والی ایک عمارت میں پانی کو بطور منبع حرارت استعمال کرنے والے بھاپ والے ہیٹ پمپ کے لیے۔
- Hydronic Shell - ان کے لیے $1 ملین سے زیادہ سیراکیوز (Syracuse) میں ہاؤسنگ اتھارٹی کی ایک قابل استطاعت عمارت میں تقسیم کے حل کے لیے۔
- MPN - ان کے لیے $965,000 سے زیادہ مینہیٹن کی تین عمارتوں میں پانی کو بطور منبع حرارت استعمال کرنے ولے بھاپ اور بلند درجہ حرارت والے گرم پانی کے ہیٹ پمپس کے لیے۔
- Ambient Enterprises، Flow Environmental Systems اور Gil-Bar Industries کی ٹیم - مبلغ $1.2 ملین مینہیٹن کی ایک عمارت میں ہوا یا پانی کو بطور منبع حرارت استعمال کرنے والے بلند درجہ حرارت والے گرم پانی کے ہیٹ پمپ کے لیے۔

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے عوامی خدمات کے CEO Rory M. Christian (روری ایم کرسچن) نے کہا، "ایوارڈ جیتنے والوں کو مبارکباد جو عمارتوں کو مزید توانائی کی بچت کے لیے تنصیبات کرنے کی غیر معمولی کوشش کر رہے ہیں۔ اس قسم کی ٹیکنالوجی ہیٹنگ اور کولنگ کو زیادہ قابل استطاعت بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔"

The Clean Fight کی مینیجنگ ڈائریکٹر Kate Frucher (کیٹ فروچر) نے کہا، "ہم فائنلسٹس کی غیر معمولی پیشرفت سے بہت خوش ہیں۔ یہ حل ایک سال پہلے مارکیٹ میں موجود نہیں تھے، اور نہ صرف بڑی تکنیکی پیشرفت ہوئی ہے، بلکہ ریاست نیو یارک میں عملی مظاہرے کے سات فعال منصوبے جاری ہیں۔ فائنل میں پہنچنے والے ہماری توقعات سے بڑھ کر رہے ہیں اور ان کی پیشرفت ان اہم اختراعات کو فروغ دینے کے لیے ان کے گہرے عزم کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ زیادہ آسانی سے لاگو ہونے والے ایسے حلوں کے لیے مارکیٹ میں طلب کا ثبوت بھی ہے جو اس حوالے سے جدت لا سکتے ہیں کہ ہم کس طرح نیو یارک کی بلند و بالا عمارتوں کو گرم کر کے سب کے لیے زیادہ پائیدار اور لچکدار مستقبل حاصل کرتے ہیں۔"

Wells Fargo کے ہیڈ آف سسٹین ایبلٹی Jeff Schub (جیف شب) نے کہا، "ایمپائر ٹیکنالوجی پرائز کے لیے Wells Fargo کی اسپانسرشپ ہماری ان مسلسل کوششوں سے مطابقت رکھتی ہے جو کہ ہمارے کلائنٹس، صارفین اور کمیونٹیز کی اپنی پائیداری اور بقا کے اہداف پر کام کرنے میں معاونت کے لیے ہیں۔ ہم آج اعلان کردہ ایوارڈ یافتگان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور عمارتوں اور ہماری کمیونٹیز کو رہنے اور کام کرنے کے لیے بہتر مقامات بنانے میں جدت اور تعاون کی طاقت کا جشن منا رہے ہیں۔"

Rocky Mountain Institute کی منیجنگ ڈائریکٹر Sukanya Chandrasekar Paciorek (سوکنیا چندرشیکر پاسیوریک) نے کہا، "دی ایمپائر ٹیکنالوجی پرائز نے ایسے حقیقی حلوں کو جِلا بخشی ہے جو مالکان کو عمارتوں کو آسانی سے چلتا رکھتے ہوئے کاربن کو کم کرنے کے عملی طریقے فراہم کرتے ہیں۔ فائنلسٹ اب نئے طریقوں کو پائلٹ کر رہے ہیں جیسے ہیٹنگ سسٹم جو بڑے پیمانے کے تعمیراتی کام کے بغیر بجلی پر منتقل ہو سکتے ہیں اور بعد میں لگائے جانے والے دیوار کے پینلز جنہیں کرایہ داروں کے لیے بہت کم زحمت کے ساتھ شامل کیا جا سکتا ہے۔ ان کی پیشرفت زیادہ ماحول دوست، زیادہ لچکدار عمارتوں کی مضبوط مانگ اور بڑھتی ہوئی رفتار کو ظاہر کرتی ہے۔"

ریاستی سینیٹر Kevin Parker (کیون پارکر) نے کہا، "ایمپائر ٹیکنالوجی پرائز کے ذریعے حاصل کردہ 1$ ملین کا ایوارڈ صرف ایک انعام سے زیادہ ہے، یہ ہمارے صاف توانائی کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ ان وسائل کے ساتھ، اختراع کار کم کاربن والے ایسے حرارتی نظاموں کو فروغ دے سکتے ہیں جو اخراجوں کو روکتے ہیں، خاندانوں کے لیے توانائی کے اخراجات کو کم کرتے ہیں اور ہماری بلند ترین تجارتی اور کثیر خاندانی عمارتوں کے لیے پائیدار حل تیار کر سکتے ہیں۔ سینیٹ کی توانائی اور ٹیلی کمیونیکیشنز کمیٹی کے صدر کی حیثیت سے، میں نے یہ یقینی بنانے پر کام کیا ہے کہ یہ فنڈز ان اختراع کاروں اور منصوبوں تک پہنچیں جو نیو یارک کے باشندوں کے لیے سب سے زیادہ اثر ڈال سکتے ہیں جس سے ہمیں زیادہ قابل استطاعت، لچکدار اور آب و ہوا دوست ریاست کی تعمیر میں مدد فراہم کر سکتے ہیں۔"

جولائی 2024 میں، گورنر Hochul (ہوکل) نے ایمپائر ٹیکنالوجی پرائز کے فائنلسٹس کا اعلان کیا جن میں سے ہر ایک کو 250,000$ کا ابتدائی ایوارڈ ملا جس میں ان کے لیے اپنے سلوشنز کو فروغ دینے کے سنگ میل حاصل کرنے پر اضافی 750,000$ ملنے کے امکان تھے۔ 2$ ملین تک نیو یارک کی مارکیٹ میں اہل اونچی عمارتوں میں حلوں کو نصب کرنے کے اخراجات، جیسے پائلٹ پروگرامز یا عملی مظاہرے کے منصوبوں، کو پورا کرنے میں فائنلسٹس کی مدد کے لیے دستیاب کیے گئے تھے۔ The Clean Fight، جو ریاست نیو یارک میں توانائی کی منتقلی کے حلوں کو اپنانے میں تیزی لانے پر توجہ مرکوز کرنے والی ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے، کو ستمبر 2022 میں پروگرام کا منتظم منتخب کیا گیا اور اس نے 2023 میں اس پروگرام کا آغاز کیا۔

راکی ماؤنٹین انسٹی ٹیوٹ (Rocky Mountain Institute, RMI)، ایک خودمختار غیر منافع بخش ادارہ جو عالمی توانائی کے نظام میں مارکیٹ کی طلب کے مطابق حلوں کے ذریعے تبدیلی لانے کے لیے وقف ہے، اس مقابلے کے لیے تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے۔

Wells Fargo ایمپائر ٹیکنالوجی پرائز کا ایک اضافی اسپانسر ہے، کیونکہ یہ مقابلہ ایسی جدید ٹیکنالوجیز کو فروغ دینے میں اس کمپنی کے جاری کام کے ساتھ ہم آہنگ ہے جو کمیونٹیز میں معاشی ترقی، پائیدار گھر کی ملکیت اور محلہ جات کے استحکام میں مدد کر سکیں۔

ایمپائر ٹیکنالوجی پرائز مقابلہ موجودہ عمارتوں میں کاربن کے حوالے سے بے اثر ہونے کو فروغ دینے میں NYSERDA کی قیادت کو جاری رکھے ہوئے ہے اور ریاست کے 50$ ملین کے ایمپائر بلڈنگ چیلنج، جو نیو یارک کی بلند و بالا عمارتوں میں کم کاربن والی تنصیبات کے لیے نئے ڈیزائن کے نقطہ نظر کو بڑھاوا دینے کے لیے NYSERDA اور معروف تجارتی رئیل اسٹیٹ مالکان کے درمیان شراکت داری ہے، کے تعاون یافتہ منصوبوں سے سیکھے گئے اسباق کو بروئے کار لاتا ہے۔

پچاس سے زائد برسوں سے، NYSERDA نیو یارک کے باشندوں کے لیے ایک قابل اعتماد اور غیر جانبدار وسیلہ رہا ہے جو توانائی کی منصوبہ بندی اور پالیسی کے تجزیے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، ساتھ ہی ایسی سرمایہ کاریاں بھی کر رہا ہے جو نیو یارک کو ایک زیادہ پائیدار مستقبل کی طرف لے جا رہی ہیں۔ NYSERDA کا انوویشن اینڈ ریسرچ پروگرام 15 سال کی مدت میں تقریبا $1.2 بلین براہ راست تحقیق کی سرمایہ کاریوں اور کمرشلائزیشن سپورٹ کی مد میں لگا رہا ہے۔ آج تک، $800 ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاریوں نے 700 سے زیادہ کمپنیز کی معاونت کی ہے اور تقریباً 300 مصنوعات کو افراد، کاروباروں اور یوٹیلیٹیز کے لیے تجارتی سطح پر دستیاب کیا ہے۔ NYSERDA اور یوٹیلیٹی پروگراموں کے ذریعے، عمارتوں کو کاربن کے اخراج سے پاک کرنے اور اعلیٰ کارکردگی والی مکمل برقی ہیٹنگ اور کولنگ ٹیکنالوجیز کی معاونت کے لیے $5.6 بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ آج کا اعلان گورنر Hochul (ہوکل) کے عمارتوں کو کاربن سے پاک کرنے کے عزم کو فروغ دیتا ہے، جو ریاست نیو یارک میں کاربن کے اخراجوں کے سب سے بڑے ذرائع میں سے ایک ہیں۔

اس کاوش کے لیے فنڈنگ [کلین انرجی فنڈ (Clean Energy Fund, CEF)](#) اور بطور پروگرام کے ایک شریک اسپانسر Wells Fargo کے ذریعے ہے جبکہ عملدرآمد کی معاونت The Clean Fight کی جانب سے اور تکنیکی معاونت RMI کی جانب سے ہے۔

ریاست نیو یارک کا ماحولیاتی ایجنڈا

ریاست نیو یارک کا موسمیاتی ایجنڈا ایک صاف توانائی والی معیشت کی جانب ارزاں اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندانوں کو سہارا دینے والی ملازمتیں پیدا کرے، گرین سرمایہ کاریوں کے ذریعے اقتصادی ترقی کو فروغ دے، اور کم از کم 35 فیصد فوائد پسماندہ کمیونٹیز کی طرف مرکوز کرے۔ نیو یارک کی جانب سے سنہ 2050 تک اخراجوں سے پاک معیشت حاصل کرنے کے لیے توانائی، عمارات، نقل و حمل، اور کچرے کے شعبوں میں متعدد اقدامات میں پیش رفت کی جا رہی ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں